| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری پندرھواں ہفتہ | موضوع: | دہرائی ٗ ا تا ژ ٗ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف رتا ژ کا تلفظ اور آواز پہچان سکیں۔ درست ساخت اور بناوٹ سے لکھ سکیں۔ رتا ژ حروف کے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف ٗرتا ژ ٗ دکھا کر ان کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 2 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف ٗ ر تا ژ ٗ کی پہچان اور ان کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ٗرتا ژ ٗ کی دہرائی کریں گے۔ باری باری حروف دکھا کر تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>Sand Letters دے کر رتا ژ حروف کی درست بناوٹ کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 98,99 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ پانچ کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو ایک حرف ٗرتا ژ ٗ کے تصویری فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔ معلمہ تختہ سفید / سیاہ پر ایک حرف لکھے گی جس کے پاس اُس حرف کے الفاظ ہوں گے وہ گروپ ہاتھ کھڑا کرے گا۔ باری باری تصاویر کے نام بتائیں گے اور بورڈ پر چسپاں کریں گے۔ کتاب صفحہ 98 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تصویر کا نام پوچھ کر درست حرف کے گرد دائرہ لگانے کو کہا جائے گا۔ صفحہ 99 پر رتا ژ حروف لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 30 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر ٗرتا ژ ٗ حروف کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر حرف ٗ ژ ٗ کی لکھائی کیجیے۔ کتاب صفحہ 97، 100 کیجیے۔ | 3 منٹ | | |